www.dailyazadiquetta.com ویب سائٹ — ABC CERTIFIED — باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — بلوچستان کا سب سے زیادہ پڑھا جانے والا اخبار

Daily AZADI Quetta — روزنامہ آزادی کوئٹہ

بانی صدیق بلوچ

جلد نمبر 23 | بدھ 20 مارچ 2024ء بمطابق 09 رمضان المبارک 1445ھ قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر 80

وفاقی محتسب کے حکم پر شہری کو پنشن تنخواہ مل گئی

خضدار (خ ن) وفاقی محتسب خضدار کے تعاون سے شہری کو ان کا پنشن تنخواہ مل گئی۔ خضدار کے ضعیف العمر شہری امیر بخش نے اپنی شکایتی درخواست وفاقی محتسب خضدار کاشف بلوچ کے دفتر میں لیکر آئی اور اپنی فریاد سناتے ہوئے بتایا ان کی کئی ماہ کی پنشن تنخواہ ایف ائی اے کی جانب سے بند کیا گیا ہے جس پر وفاقی محتسب نے ان کی پنشن تنخواہ سے متعلق تمام (بقیہ نمبر 17 صفحہ نمبر 5 پر)

آزادی ← 17

دستاویزات کے تحت کیس فارورڈ کر دیا اور باقاعدہ طور پر شہری امیر بخش کی پنشن تنخواہ کھل گئی۔ شہری نے وفاقی محتسب خضدار کاشف بلوچ کے اس تعاون کا شکریہ ادا کیا۔ وفاقی محتسب خضدار کاشف بلوچ کا کہنا تھا کہ وہ عوام الناس کی خدمت کے لئے بیٹھے ہیں اور روزانہ کی بنیاد پر بڑی تعداد میں شہری اپنے مسائل اور اپنی فریاد لیکر ان کے پاس آتے ہیں اور وہ ان پر باقاعدہ طور پر فوری کارروائی بھی کرتے ہیں جس سے شہریوں کے مسائل باقاعدہ طور پر حل بھی ہو جاتے ہیں۔ اب تک سینکڑوں لوگوں کی درخواستوں پر ان کے مسائل حل کیئے جا چکے ہیں۔